18 رمضان

عربی قرآن کی زبان ہے

عربی قرآن کی زبان ہے، یہ سب سے بہتر شریعت (قانون) ہے جو کہ اللہ رحمن ورحیم کی طرف سے نازل کردہ ہے۔ یہ دینِ اسلام کی زبان ہے اور تمام انسانیت کے لیے مشرق سے لے کر مغرب تک پھیلی ہوئی ایک خوشخبری ہے۔ یہ وہ زبان ہے جس نے قرآن کے استعارے، اس کی بلاغت اور فصاحت کو بیان کیا، جس سے اس کا معجزہ ظاہر ہوا اور یوں اس زبان نے اس کے ماہر لوگوں کو عاجز کر دیا کہ وہ قرآن جیسا کچھ لا سکیں۔

﴿أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ قُلْ فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِثْلِهِ وَادْعُوا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِنْ دُونِ اللَّهِ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ﴾

"کیا وہ کہتے ہیں کہ اسے رسول ﷺ نے خود گھڑ لیا ہے، آپ فرما دیجئے: پھر تم اس کی مثل کوئی (ایک) سورت لے آؤ (اور اپنی مدد کے لئے) اللہ کے سوا جنہیں تم بلا سکتے ہو بلا لو اگر تم سچے ہو" (سورۃ یونس:38)

ریاست خلافت میں جب مسلمان ایک خلیفہ کے کمان میں تھے تو عربی زبان ریاست کی سرکاری زبان تھی، دوسرے ممالک کے ساتھ ریاست خلافت کے معاہدے اور معاملات عربی زبان میں ہوتے تھے۔ عربی زبان کا اعلیٰ مقام ریاست خلافت کی طرح اعلیٰ تھا جو کہ اس کی حفاظت کر رہی تھی۔

حزب التحریر ولایہ پاکستان

www.hizb-ut-tahrir.info/ur/